نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کپاس کی پیداوار میں اضافہ کی تکمیل کے لئے ضلعی انتظامیہ، محکمہ زراعت کا عملہ اور کاشتکار مشترکہ جدوجہد کریں: ایڈیشنل چیف سیکرٹری جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ثاقب ظفر

لاہور 12 مئی 2023: وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کپاس کی پیداوار اور تکمیل کے لئے ضلعی انتظامیہ، محکمہ زراعت کا عملہ اور کاشتکار جدوجہد کریں یہ بات ایڈیشنل چیف سیکرٹری جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ثاقب ظفر نے سرکٹ ہاؤس بہاولپور میں کاٹن ایکشن پلان 24-2023 کے متعلق جاری سرگرمیوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، کمشنر بہاولپور ڈویژن ڈاکٹر احتشام انور، آر پی او بہاولپور ریجن رائے بابر، بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان کے ڈپٹی کمشنرز، چیف انجینئر اریگیشن خالد بشیر سمیت محکمہ زراعت و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ اس سال بہاولپور ڈویژن میں 23 لاکھ 14 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جس میں سے اب تک قریباً 14 لاکھ 45 ہزار رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے جو کہ کل ہدف کا 62 فیصد ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اجلاس کے دوران کہا کہ اس وقت کپاس کی کاشت جاری ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کپاس کے زیر کاشت رقبہ اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لئے شب و روز محنت کریں۔اس سے نہ صرف ہمارے کاشتکار خوشحال ہوں گے بلکہ ملکی معیشت کو بھی استحکام حاصل ہوگا۔حکومت پنجاب کاشتکاروں کی فنی راہنمائی اور معاونت کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔انھوں نے مزید بتایا کہ کپاس کی کاشت کو منافع بخش بنانے کے لئے اس کی امدادی قیمت 8500 روپے فی من کا بروقت اعلان کیا گیا ہے اور اس معاوضہ کو یقینی بنایا جائے گا۔اس کے علاوہ تصدیق شدہ بیج پر 60 کروڑ روپے جبکہ کھادوں پر 11 ارب روپے کی سبسڈی دی جا رہی ہے۔انھوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کھادوں کی ترسیل کیلئے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کے تحت متعلقہ اضلاع کے کوٹہ کی سخت مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے۔کھادوں کی ناجائز منافع خوری میں ملوث ڈیلرز کے خلاف نہ صرف قانونی کاروائی کی جائے گی بلکہ اُن کے ڈیلر شپ لائسنس کو بھی کینسل کیا جائے گا۔اس کے علاوہ کپاس کے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے پیداواری مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا جس میں صوبے کی سطح پر زیادہ پیداوار حاصل ہونے والے کاشتکار کو 15 لاکھ جبکہ ضلع کی سطح پر زیادہ پیداوار لینے والے کاشتکاروں کو 8 لاکھ روپے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔

☆☆☆☆